14220 - انٹرنیٹ انعامی مقابلے

سوال

انٹرنیٹ کے ذریعہ انعامی مقابلہ میں شرکت کرنے کاحکم کیا ہے، ان مقابلوں میں کامیاب ہونے والا بعض اوقات ہدیہ جات اور ہزاروں ڈالر کی رقم بھی حاصل کرتا ہے، یہ علم میں رہے کہ اس میں شرکت کرنے والا یا تو کچھ حاصل کرتا ہے، یا پھر کچھ بھی حاصل نہیں کرتا، لیکن اسے نقصان نہیں ہوتا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

انٹرنیٹ وغیرہ کےذریعہ پیش کردہ انعامی مقابلہ میں شرکت کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن شرط یہ ہے کہ اس میں شریك ہونے والے کو کوئی نقصان نہ ہو، وہ اس طرح کہ یا تو اسے کچھ ملے، یا پھر وہ نقصان سے سلیم رہے؛ کیونکہ اس میں نہ تو قمار بازی اور نہ ہی جوا پایا جاتا ہے، کیونکہ جوا اور قمار بازی میں شخص متردد رہتا ہے کہ اسے یا تو نقصان ہو گا یا پھر وہ کچھ حاصل کر لےگا.

لیکن شرط یہ ہے کہ یہ مقابلے حرام اشیاء سے خالی ہوں، یعنی ان کے سوالات میں کوئی فحش یا پھر گانے بجانے وغیرہ دوسری حرام اشیاء کے سوالات نہ ہوں، اگر ہوں تو اس وجہ سے یہ حرام ہونگے، نہ کہ قمار اور جوے کی بنا پر.

واللہ اعلم .